ادبیات

پروانہ

(جناب اَلَم مظفرنگری)

(۱)

عرشِ حیاتِ عشق کا اخترِ شعلہ گیں ہے تو
سازِ نوائے درد پر نغمۂ آتشیں ہے تو
منزلِ حسن کے قریب سالکِ جلوہ بیں ہے تو
چشمِ جہانِ شوق میں قابلِ آفریں ہے تو
شمع کی لو پہ دمبدم رقص یہ تیرا الحذر
ضبطِ وفا کو فخر ہو کیوں نہ ترے وجود پر

(۲)

گرچہ ہے نالہ حزیں وردِ زبانِ عندلیب
قمری ہے شاخِ سرو پر صحنِ چمن میں غم نصیب
سمتِ قمر ہے کبک کا شوقِ صعود بھی عجیب
موجِ رواں ہے مضطرب ساحلِ بحر کے قریب
تیرا یہ وجد و رقصِ غم شعلوں کی گود میں مگر
آپ ہی اپنا ہے جواب شام سے لیکے تا سحر